بہترین علمی تحفہ

नई उमर की नई फसल

نئی عمر کی نئی فصل

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱ گانے نئی عمر کی نئی فصل فلم کے لئے

سپنے جھڑے پھول سے۔ گیت چبھے شول سے
لٹ گئے سنگار سبھی، باغ کے ببول سے
اور ہم کھڑے کھڑے بہار دیکھتے رہے
کارواں گزر گیا۔ غبار دیکھتے رہے
نیند بھی کھلی نہ تھی کہ ہائے دھوپ ڈھل گئی
پاؤں جب تلک اٹھے کہ زندگی پھسل گئی
چاہ تو نکل سکی نہ۔ پر عمر نکل گئی
گیت اشک بن گئے۔ سپن ہو دفن گئے
ساتھ کے سبھی دئیے۔ دھواں پہن پہن گئے
اور ہم جھکے جھکے موڑ پر رکے رکے
عمر کے اتار کا چڑھاؤ دیکھتے رہے
کیا شباب تھا کہ پھول پھول پیار کر اٹھا
کیا کمال تھا کہ دیکھ آئینہ سہر اٹھا
اس طرف زمین اور آسمان ادھر اٹھا
تھام کر جگر اٹھا
کہ جو ملا نظر اٹھا
ایک دن مگر یہاں ایسی کچھ ہوا چلی

لُٹ گئی کلی کلی کہ گھُٹ گئی گلی گلی
اَور ہم لُٹے لُٹے وقت سے پِٹے پِٹے
سانس کی شراب کا خُمار دیکھتے رہے
ہاتھ تھے ملے کہ زُلف چاند کی سنوار دُوں
ہونٹھ تھے کھُلے کہ ہر بہار کو پکار دُوں
درد تھا دیا گیا کہ ہر دُکھی کو پیار دُوں
اَور سانس یوں کہ سورگ دھرتی پر اُتار دُوں
ہو سکا نہ کچھ مگر شام بن گئی سحر
وہ اُٹھی لہر کہ ڈھہ گئے قلعے بکھر بکھر
اَور ہم ڈرے ڈرے نیر نین میں بھرے
اوڑھ کر کفن پڑے مزار دیکھتے رہے
مانگ بھر چلی کہ جب
اِک نئی نئی کرن
ڈھولکیں دھمک اُٹھیں ٹھمک اُٹھے چرن چرن
شور مچ گیا کہ لو
چلی دُلہن چلی دُلہن
گاؤں سب اُمڈ پڑا بہک اُٹھے نین نین
پر تبھی زہر بھری گاج ایک وہ گری
پُنچھ گیا سندور تار تار ہوئی چُنری
اَور ہم انجان سے دُور کے مکان سے
پالکی لئے کہار دیکھتے رہے

گانا نمبر ۲:۔ ہیر دستیاں گلاب کا پھول

ہمارو رنگ کیسر و

کوئی رنگا ٹے چیز دھانی

کا ہو کی جو بی بہ چاندی کا پانی

ایسے رنگ رنگے بر ہم نو رنگ گئی ساری عمریا

کوئی بلم کی آنکھوں کا گجرا ۔ بن مانگے۔۔

کہیں تو اپنا مان دکھلائے

پیا بلائے تو ہم آئے

پریم کلا ایسے دل میں تڑپے

جل میں جیسے مچھریا

گانا نمبر ۳:۔ آج کی رات بڑی شوخ

بڑی نٹ کھٹ ہے

آج تو تیرے بنا نیند نہیں آئے گی

اب تو تیرے ہی یہاں آنے کا موسم ہے

اب طبیعت نہ خیالوں سے بہل پائے گی

دیکھ ۔ وہ چھت پہ اتر آئی ہے ساون کی گھٹا

دے رہی دوار پہ آواز کھڑی پروائی

بجلی رہ رہ کے پہاڑوں پہ چمک اٹھتی ہے

سونی آنکھوں میں کوئی

خواب لے جو انگڑائی

کیسے سمجھاؤں کہ اس وقت کا مطلب کیا ہے

دل کی یہ بات نہ ہونٹوں سے کہی جائے گی
رات رانی کی پتلی سی یہ خوشبو
آ رہی ہے کہ جو چھن چھن کے گھنی ڈالوں سے
ایسا لگتا ہے کہ کہیں ڈھیٹ جھکورے میں لپٹ
کھل آئی ہے تیرے اُلجھے ہوئے بالوں سے
اور بیزار نہ کر میرے تڑپتے دل کو
ایسی رنگین غزل رات نہ پھر آئے گی
آج تو ہے یہاں ملیں نہیں آئے گی

گانا نمبر ۲ - دیکھتی ہی رہو آج درپن نہ تم
پیار کا یہ مہورت نکل جائے گا
نکل جائے گا

سانس کی تو بہت تیز رفتار ہے
اور چھوٹی بہت ہے ملن کی گھڑی
گھنے گھنے یہ گھٹا سانوری
بجھ نہ جائے کہیں روپ کی پھلجھڑی
چوڑیاں ہی نہ تم کھنکھناتی رہو
یہ شرم سارا موسم بدل جائے گا
بدل جائے گا

سرخ ہونٹوں پہ یہ چلن مدھ بھری
جیسے شبنم انگاروں کی مہمان ہو
جادو بنتی ہوئی یہ نشیلی نظر

دیکھ لے تو خدائی پریشان ہو
مسکرائے نہ ایسے جب اگر نظر
آئینہ دیکھ مورت مچل جائے گی
چال ایسی ہے مدہوش مستی بھری
نیند سو رخ ستاروں کو آنے لگے
اپنے نازک قدم جھوم پائے اگر
سیر نے موتنے بیابان گانے لگے
بہت مجاور رقیاو بہت ہاؤں میں
فرش کا دِل دہل جائے گا

ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے بچنا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کرسکتا ہے۔
قیمت صرف ۱/۰ محصول ڈاک معاف

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	خونی پنجہ کا سایہ	4/-/-
” حصہ دوم	1/4/-	خونی پنجہ کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر خونی پنجہ	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر خونی پنجہ کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی خنجر	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کمند	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا سنبار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	جلتا جزیرہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/4/-

زین اینڈ کو بک سیلرز جدیبہ کلاں دہلی

(مسعود لیتھو پریس دہلی)